سبق: 9


# صفر جوڑیں گے اور گھٹائیں گے





ساجد اور سلمیٰ نے مٹی گوندھ کر گولی تیار کیا۔ ہر مٹی کی گولی کے بیچ میں کاٹھی سے ایک سوراخ کر دیا مٹی کی گولیوں کو دھوپ میں سکھا دیا۔ اس میں مختلف رنگ بھر دینے کی وجہ سے وہ سب خوبصورت لگنے لگی۔

ساجد نے مٹی کی بنائی ہوئی گولیوں کی ایک مالا  بنایا۔ سلمیٰ نے کہا مٹی کی گولیوں کو لے کر ہم لوگ ایک کھیل کھیلیں گے۔ اس نے تھرموکول اور ناریل کی کاٹھی لے کر ایک آواکس تیار کیا۔



کیا تم میری طرح آواکس بنا سکتے ہو؟


ساجد اور سلمیٰ نے آواکس اور مٹی کی گولیوں کو لے کر اعداد کا کھیل شروع کیا۔ سلمیٰ نے ایک عدد لکھ کر دکھائی۔ ساجد نے اس کو آواکس میں دکھایا۔









- کس عدد کے کارڈ کے ساتھ کون سا آواکس مل رہا ہے ملائیے۔








- ساجد اور سلمیٰ اب ایک نیا کھیل کھیلنے لگے۔


ان دونوں نے اپنی بنائی ہوئی مٹی کی گولیوں میں دو طرح کے رنگ بھر دیے۔

ساجد نے کہا۔ ''اب میری باری ہے۔''

میں اعداد کا کارڈ دکھاؤں گا۔ سلمیٰ راضی ہوگئی۔







جوڑ کس طرح کیا جایے گا۔دونوں فکر میں پڑ گیے ۔رانی اس راستہ سے جا رہی تھی ۔
اس نے سلمٰی سے کہا۔صفر (۰) کے معنی کچھ نہیں ۔۳۵ ؍ میں ''۰'' کو ملانے کا مطلب ۳۵ میں کچھ ملایا نہیں جایے گا۔

خالی گھر میں جواب لکھیے:

۳۵ + ۰ = ___

- نیچے دیے گیے دو اعداد کس طرح جوڑا جایے گا آؤ اکس میں کھایئے۔آؤ اکس کے نیچے خالی گھروں میں حاصل جمع کتنا ہوگا لکھیے ۔




هم نے کیا سیکھا:

کسی بھی عدد میں ''۰'' جوڑنے سے حاصل جمع وہی ہوتا ہے۔

## کرکٹ کھیل کا مزہ:

بڑے دن کے لیے اسکول کی چھٹی تھی ۔ بچے کرکٹ کھیلنے کے لیے نکلے ۔لگاتار دو دن میچ ہوئی ۔
چٹکی ، بلّو، جارج ، میکی ، سینی ، لکّی اور ببلو وغیرہ کے ہاتھوں میں بلّا اور گیند تھے ۔دو دن میچ ہوئی ۔
کس نے کتنی رن بنائی اس کا حساب کیجیے ۔


۲۵ + ۱۳ = ___


۱۴ + ۷ = ___


۳۲ + ۰ = ___


۰ + ۳۷ = ___


۲۰ + ۰ = ___


۳۶ + ۱۰ = ___


۲۰ + ۳۰ = ___

آپ حساب کر کے کہیے، دونوں میچ میں کل کتنی رن کس کس نے بنائیے؟

- کس نے سب سے زیادہ رن بنائیے؟ ..............................
- کس نے سب سے کم رن بنائیے؟ ..............................

## لڈو کھیل:

سلمیٰ اور ساجد نے لڈو کھیل شروع کیا۔ ایک ڈائس لے کر اس کے چھے جانب ۱، ۲، ۳، ۴، ۵، ۰ لکھ دیا۔








| | | | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۰۰ | ۹۹ | ۹۸ | ۹۷ | ۹۶ | ۹۵ | ۹۴ | ۹۳ | ۹۲ | ۹۱ |
| ۸۱ | ۸۲ | ۸۳ | ۸۴ | ۸۵ | ۸۶ | ۸۷ | ۸۸ | ۸۹ | ۹۰ |
| ۸۰ | ۷۹ | ۷۸ | ۷۷ | ۷۶ | ۷۵ | ۷۴ | ۷۳ | ۷۲ | ۷۱ |
| ۶۱ | ۶۲ | ۶۳ | ۶۴ | ۶۵ | ۶۶ | ۶۷ | ۶۸ | ۶۹ | ۷۰ |
| ۶۰ | ۵۹ | ۵۸ | ۵۷ | ۵۶ | ۵۵ | ۵۴ | ۵۳ | ۵۲ | ۵۱ |
| ۴۱ | ۴۲ | ۴۳ | ۴۴ | ۴۵ | ۴۶ | ۴۷ | ۴۸ | ۴۹ | ۵۰ |
| ۰۴ | ۳۹ | ۳۸ | ۳۷ | ۳۶ | ۳۵ | ۳۴ | ۳۳ | ۳۲ | ۳۱ |
| ۲۱ | ۲۲ | ۲۳ | ۲۴ | ۲۵ | ۲۶ | ۲۷ | ۲۸ | ۲۹ | ۳۰ |
| ۲۰ | ۱۹ | ۱۸ | ۱۷ | ۱۶ | ۱۵ | ۱۴ | ۱۳ | ۱۲ | ۱۱ |
| ۱ | ۲ | ۳ | ۴ | ۵ | ۶ | ۷ | ۸ | ۹ | ۱۰ |







- دونوں کا مہرہ ۱۰۰ کے اوپر ہے۔
- ڈائس میں گوٹ کا جو عدد گرے گا مہرہ اتنے ہی پیچھے جایے گا۔
- جو پہلے ''۱'' ایک پر جا پہنچے گا وہی کامیاب ہوگا۔



آپ اسی کھیل کو اپنے دوست کے ساتھ کھیلیے۔

ہر بار ڈائس یا گوٹ کا کون سا عدد گرا اور آپ کس عدد پر پہنچے، نیچے لکھیے۔

کہیے ڈائس میں گوٹ کا صفر گرے تو مہرہ کس لیے پیچھے نہیں آتا۔

- نیچے دی گئی مثال کو دیکھیے اور کہیے۔ کس کے لیے جوڑ اور کس کے لیے گھٹاؤ کا عمل استعمال کیا جایے گا۔



غور کیجیے۔ پہلی تھالی میں ۴ عدد لڈو ہیں۔ دوسری تھالی میں ۳ /عدد لڈو ہیں۔ دونوں تھالیوں میں کل کتنے عدد لڈو ہیں۔

دونوں تھالی میں کل ۳ + ۴ = ۷ عدد لڈو ہیں۔

پہلی تھالی میں دوسری تھالی سے کتنا زیادہ لڈو ہے؟

۴ - ۳ = ☐ عدد لڈو

- نیچے دیے گیے جوڑ اور گھٹاؤ کے عمل کو لے کر ایک حقیقی واقعہ کی مثال دیجیے۔

| | | |
|---|---|---|
| ۴ + ۲ = ٦ | ۵ - ۳ = ۲ | ۵ - ۵ = ۰ |

● نیچے دی گئی تصویر کو دیکھیے۔اسی تصویر کو دھیان میں رکھ کر جوڑ اور گھٹاؤ کی بات دی گئی کہانی میں پڑھیے۔



ایک ٹوپی بیچنے والا تھک ہار کر درخت کے نیچے بیٹھ گیا۔اس کو نیند آ گی۔درخت پر بیٹھے بندروں نے ٹوپی بیچنے والے کی تھیلی کھول کر ٹوپیاں نکال لیں۔بندروں کے پاس ۱۴/عدد ٹوپیاں ہیں۔درخت کی جڑ کے پاس ۶/عدد ٹوپیاں پڑی ہیں۔ٹوپی بیچنے والے کی آنکھ کھل گئی۔تو دیکھا کہ بندر کچھ ٹوپیاں لے گیے ہیں۔اس کے بعد.........


آپ اس کہانی کو اور آگے بڑھایئے۔

اسی کہانی سے ہم لوگ جوڑ اور گھٹاؤ کے بارے میں نیچے کی باتوں کو کہہ سکتے ہیں۔


- تھیلی میں کل ۲۰/عدد ٹوپیاں تھیں۔بندر ۱۴عدد ٹوپیاں لے گیے۔دوسری ٹوپیوں کو بندروں نے باہر پھینک دیا۔کتنی ٹوپیاں بندروں نے باہر پھینک دیں؟
- بندروں کی لی گئی ٹوپیوں کی تعداد پھینکی ہوئی ٹوپیوں کی تعداد سے کتنی زیادہ ہیں؟
- بندروں کے پاس ۱۴/عدد ٹوپیاں ہیں۔نیچے ۶/عدد ٹوپیاں پڑی ہیں۔کل کتنی ٹوپیاں تھیں۔

تصویر کو دیکھ کر اوپر دیے گیے سوالوں کے جواب لکھیے۔

- اب نیچے دی گئی تصویر کو دیکھیے۔ تصویر پر غور کرتے ہوئے ایک کہانی سوچیے۔
تمھاری سوچی ہوئی کہانی کو کلاس میں کہیے۔




غور کیجیے، منٹو کے پاس تین عدد دس روپے کے نوٹ ہیں۔




- منٹھو کے پاس کتنے روپے ہیں؟ حساب کر کے لکھیے۔ ______
- کس کے پاس زیادہ روپے ہیں؟ ______
- منٹو کے پاس مٹھو سے کتنے روپے زیادہ ہیں؟ ______
- دونوں کے پاس کل کتنے روپے ہیں؟ ______




1۔ نیچے لکھے ہوئے اعداد کو آواکس میں دائرہ بنا کر دکھائیے۔



2۔خالی گھروں میں جواب لکھیے۔

(I)  +  = ☐ روپے


(II)  +  = ☐ روپے

(III)  +  = ☐ روپے

3۔ کس سوال کے لیے کون سا جواب صحیح ہے تیر کے نشان سے بتائیے۔

| | |
|---|---|
| حامد کے پاس ۵/عدد چاکلیٹ ہے۔صوفیہ کے پاس اس سے ۳/عدد زیادہ چاکلیٹ ہیں۔تو صوفیہ کے پاس کتنے عدد چاکلیٹ ہیں۔ | ۵-۳=۲ |
| حامد کے پاس ۵/عدد چاکلیٹ ہیں۔صوفیہ کے پاس ۳/عدد چاکلیٹ ہیں۔تو حامد کے پاس کتنے عدد چاکلیٹ زیادہ ہیں۔ | ۸-۳=۵ |
| فوزیہ کے پاس ۸/عدد چاکلیٹ ہیں۔نازیہ کے پاس ۳/عدد چاکلیٹ ہیں۔تو نازیہ کے پاس فوزیہ سے کتنے عدد چاکلیٹ کم ہیں۔ | ۸-۳=۵ |
| مہیش کے پاس ۵/عدد چاکلیٹ ہیں۔سعدیہ کے پاس ۸/عدد چاکلیٹ ہیں۔تو مہیش کو اور کتنے عدد چاکلیٹ ملنے سے سعدیہ کیساتھ برابر ہوگا؟ | ۵+۳=۸ |

4۔ نیچے چیزوں کی قیمت دی گئی ہے۔ اس کو دیکھ کر نیچے کے سوالوں کے جواد یجیے۔



۲۵روپے



۳۰روپے



۱۰روپے



۴۰روپے

(i) قلم اور رنگ کی ڈبیا خریدنے سے کتنے روپے دینے ہوں گے؟ ______

(ii) چپل اور کہانی کی کتاب خرید نے کے لیے کتنے روپے کی ضرورت ہوگی؟ ______

(iii) تمہارے پاس ۴۰/روپے ہے آپ کون سے دو سامان خرید سکتے ہیں؟ ______

(iv) آپ نے رنگ کی ڈبیا خرید کر دکاندار کو ۵۰ روپے کا نوٹ دیا۔
دکان دار آپ کو کتنے روپے واپس کرے گا؟ ______

